# اسلامیات

## عملی کتاب برائے جماعت اوّل



پروگریسو ایجوکیشن نیٹ ورک

دن: ______________ تاریخ: ______________

## فہرست


| نمبر شمار | سبق | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| باب اوّل | **قرآنِ مجید و حدیثِ نبوی ﷺ**<br>(الف) ناظرہ قرآن مجید | 3 |
| | (ب) حفظِ قرآن مجید | 5 |
| | (ج) حفظ و ترجمہ | 5 |
| | (د) حدیثِ نبوی ﷺ | 6 |
| | (ہ) دعائیں (زبانی) | 6 |
| باب دوم | **ایمانیات و عبادات**<br>**(ا) ایمانیات**<br>1۔ توحید کا تعارف | 7 |
| | 2۔ نبوت و رسالت | 9 |
| | **(ب) عبادات**<br>1۔ مسجد | 10 |
| | 2۔ اذان | 11 |
| | 3۔ نماز | 12 |
| باب سوم | **سیرتِ طیّبہ ﷺ**<br>ا۔ ہمارے پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ ﷺ | 13 |
| | ۲۔ حضرت محمد رسول اللہ ﷺ کے اخلاقِ حسنہ | 15 |
| باب چہارم | **اَخلاق و آداب**<br>ا۔ اچھے اخلاق | 16 |
| | ۲۔ سلام کرنا | 18 |
| باب: پنجم | **ہدایات کے سرچشمے اور مشاہیر اسلام**<br>ا۔ انبیائے کرامؑ کا تعارف | 20 |


# بابِ اوّل: قرآنِ مجید و حدیثِ نبوی ﷺ

ہدایات:

- بچے اس باب میں حروفِ تہجی کی مشق کریں گے اور روزمرّہ زندگی میں پڑھے جانے والے کلمات مع ترجمہ یاد کر کے ان پر عمل کریں گے۔
- قرآنِ پاک کی آخری چار سورتوں کی تلاوت مع ترجمہ کر سکیں گے۔

## ناظرہ قرآن مجید

**سوال نمبر 1:۔ حروفِ تہجی کی مشق کرنے کے ساتھ ساتھ تجوید کے قواعد درست مخارج کے ساتھ حروف کی اشکال کو پڑھیں اور یاد کریں۔**



**قرآنی معلومات**

قرآن پاک میں کل 30 پارے ہیں۔

**قرآنی معلومات**

قرآن پاک میں کل 114 سورتیں ہیں۔

## سوال نمبر ۲:۔ درج ذیل سورتیں درست تلفظ اور مع ترجمہ یاد کریں۔

### اَللَّهَب

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

| | |
|---|---|
| تَبَّتْ يَدَآ اَبِيْ لَهَبٍ وَّتَبَّ ﴿١﴾ | ٹوٹ گئے ہاتھ ابولہب کے اور وہ ہلاک ہوگیا۔ |
| مَآ اَغْنٰى عَنْهُ مَالُهٗ وَمَا كَسَبَ ﴿٢﴾ | نہ کام آیا اس کے اس کا مال اور (نہ) وہ جو اس نے کمایا۔ |
| سَيَصْلٰى نَارًا ذَاتَ لَهَبٍ ﴿٣﴾ | وہ داخل ہوگا آگ میں بھڑکتی ہوئی۔ |
| وَّامْرَاَتُهٗ حَمَّالَةَ الْحَطَبِ ﴿٤﴾ | اور اسکی بیوی جو اٹھائے پھرتی ہے ایندھن۔ |
| فِيْ جِيْدِهَا حَبْلٌ مِّنْ مَّسَدٍ ﴿٥﴾ | اس کے گلے میں (ہوگی) رسی مونج کی۔ |

### اَلْاِخْلَاص

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

| | |
|---|---|
| قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ﴿١﴾ | کہو وہ اللہ ہے یکتا۔ |
| اَللّٰهُ الصَّمَدُ ﴿٢﴾ | اللہ بے نیاز ہے۔ |
| لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ ﴿٣﴾ | نہ اسکی کوئی اولاد ہے اور نہ وہ کسی کی اولاد۔ |
| وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ﴿٤﴾ | اور نہیں ہے اس کا ہمسر کوئی۔ |

### اَلْفَلَق

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

| | |
|---|---|
| قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ﴿١﴾ | کہو میں پناہ مانگتا ہوں صبح کے رب کی۔ |
| مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ﴿٢﴾ | شر سے ان چیزوں کی جو اس نے پیدا کیں۔ |
| وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ﴿٣﴾ | اور شر سے اندھیرے کی جب وہ چھا جائے۔ |
| وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِي الْعُقَدِ ﴿٤﴾ | اور شر سے پھونکنے والیوں کی گرہوں میں۔ |
| وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ﴿٥﴾ | اور شر سے حاسد کی جب وہ حسد کرنے لگے۔ |

### اَلنَّاس

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

| | |
|---|---|
| قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ﴿١﴾ | کہو میں پناہ مانگتا ہوں انسانوں کے رب کی۔ |
| مَلِكِ النَّاسِ ﴿٢﴾ | انسانوں کے بادشاہ کی۔ |
| اِلٰهِ النَّاسِ ﴿٣﴾ | انسانوں کے معبود کی۔ |
| مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ ﴿٤﴾ | شر سے وسوسہ ڈالنے والے کے جو بار بار پلٹ کر آتا ہے۔ |
| الَّذِيْ يُوَسْوِسُ فِيْ صُدُوْرِ النَّاسِ ﴿٥﴾ | جو وسوسے ڈالتا ہے انسانوں کے دلوں میں۔ |
| مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ﴿٦﴾ | وہ جنات میں سے ہو خواہ انسانوں میں سے۔ |

دن: ______________ تاریخ: ______________

## حفظِ قرآن مجید

**سوال نمبر ۲:۔ درج ذیل سورتیں درست تلفظ اور مع ترجمہ یاد کریں۔**







## حفظ و ترجمہ

**سوال نمبر ۳:۔ کلمہ طیّبہ میں رنگ بھریں اور یاد کریں۔**



**سوال نمبر ۴:۔درست جواب پر دائرہ لگائیں۔**

| | | |
|---|---|---|
| میں نماز پڑھوں گا۔ | ان شاءاللہ | ماشاءاللہ |
| ہم سیر کرنے جائیں گے۔ | ان شاءاللہ | ماشاءاللہ |
| میں ہمیشہ صاف ستھرا رہوں گا۔ | ان شاءاللہ | ماشاءاللہ |
| ہمارا ملک پاکستان بہت پیارا ملک ہے۔ | ان شاءاللہ | ماشاءاللہ |
| میں روزانہ سکول جاؤں گا۔ | ان شاءاللہ | ماشاءاللہ |
| میرے دادا ابو بہت اچھے ہیں۔ | ان شاءاللہ | ماشاءاللہ |

**حدیثِ نبوی ﷺ**


**سوال نمبر ۵:۔درج ذیل حدیث کا ترجمہ لکھیں۔**




ترجمہ:------------------------

**دعائیں (زبانی)**

**سوال نمبر ٦:۔علم میں اضافے کی دعا مع ترجمہ یاد کریں۔**



دن: ________      تاریخ: ________

# باب دوم:۔ ایمانیات و عبادات

**ہدایات:**

طلبہ اس باب میں توحید، نبوت و رسالت اور عبادات کے اہم ارکان جان کر ان پر عمل کریں گے۔

## ۱۔ توحید کا تعارف

⇐ **توحید کا مطلب ہے، اللہ تعالیٰ کو ایک ماننا۔ یہ بات جان لیں اور سمجھ لیں کہ دنیا کی تمام چیزیں بشمول انسان کے خالق اللہ تعالیٰ ہیں۔**

**سوال نمبر۱:۔ خالی جگہ پر کریں۔**


اللہ تعالیٰ     ایک     شکر

۱۔ اللہ تعالیٰ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ہے۔

۲۔ ہمیں اللہ تعالیٰ کا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ادا کرنا چاہیے۔

۳۔ سب چیزیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ نے بنائی ہیں۔

**سوال نمبر۲:۔ پھولوں میں اللہ تعالیٰ کے صفاتی نام تحریر کریں۔**



دن: ____________ تاریخ: ____________

سوال نمبر ۳:۔ مندرجہ ذیل میں سے اللہ تعالیٰ کی پیدا کی گئی چیزوں اور اللہ تعالیٰ کی توفیق سے انسانوں کی بنائی گئی چیزوں پر درست کا نشان لگائیے۔

| چیزیں | اللہ تعالیٰ نے پیدا کیں | اللہ تعالیٰ کی توفیق سے انسانوں نے بنائیں |
|---|---|---|
|  پانی | | |
|  گھر | | |
|  کتاب | | |
|  درخت | | |
|  گاڑیاں | | |
|  کھلونے | | |
|  سورج | | |

## ۲۔ نبوت و رسالت

* اس بات کو سمجھ کر ایمان پختہ کریں کہ تمام انبیائے کرامؑ کو اللہ تعالیٰ نے انسانوں کی رہنمائی کے لیے مبعوث فرمایا۔
* اس بات پر ایمان پختہ کریں کہ نبی کریم ﷺ کے آخری نبی اور رسول ہیں اور آپ ﷺ کے بعد ہمیشہ کے لیے کوئی نبی یا رسول نہیں آئے گا۔

اسلامی معلومات

مشہور انبیائے کرامؑ کے نام:

- حضرت نوحؑ
- حضرت عیسیٰؑ
- حضرت موسیٰؑ
- حضرت ابراہیمؑ
- آخری نبی حضرت محمد ﷺ

**سوال نمبر ۵: درج ذیل سوالات کے جواب دیں۔**

**(الف)۔ مسلمان مسجد میں کیوں جاتے ہیں؟**

(ج)__________________________

**(ب)۔ مسلمان دن میں کتنی نمازیں پڑھتے ہیں؟**

(ج)__________________________

دن:________________ تاریخ :________________

**سوال نمبر۴:۔ مشہور نبیوں کے نام لکھیں۔**

## (الف)عبادت۔ مسجد

**اسلامی معلومات**

حضرت محمد ﷺ نے جو مسجد بنائی اسے مسجدِ نبوی کہتے ہیں۔

**سوال نمبر۶:۔رنگ بھریں۔**

### مسجد



## ۲۔اذان

- اذان نماز کے لیے اللہ تعالیٰ کی طرف سے بُلانے یا پُکارنے کا نام ہے۔

**سوال نمبر ۷:۔درست لفظ کے گرد دائرہ لگائیں اور خالی جگہ پر کریں۔**

ا۔نماز کے لیے پکارنے کو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کہتے ہیں۔ (تلاوت / اذان / تسمیہ)

۲۔اذان سن کر لوگ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کے لیے مسجد آتے ہیں۔ (نماز / روزہ / حج)

۳۔اذان۔۔۔۔۔۔آواز میں دینی چاہیے۔ (آہستہ / بلند / بہت آہستہ)

۴۔اذان دینے والے کو۔۔۔۔۔۔۔۔۔کہتے ہیں۔ (قاری / موذن / اُستاد)

۵۔۔۔۔۔۔۔۔کے وقت خاموش رہنا چاہیے۔ (نماز / تلاوت / اذان)

**فرمانِ مصطفیٰ ﷺ**

**اذان سن کر وہی الفاظ بولنے چاہئیں جو اذان دینے والا کہے۔(صحیح مسلم،حدیث:۳۸۵)**

**سوال نمبر ۸:۔کلمات کو دہرائیں اور ان میں رنگ بھریں۔**



## ۳۔نماز

* نماز اسلام کا بنیادی رکن ہے۔
* نماز ادا کرنے کے لیے پاک صاف ہونا ضروری ہے۔
* پنجگانہ نماز کے نام جان سکیں گے۔

**سوال نمبر۹:۔پانچ نمازوں کے نام تلاش کیجیے اور ان میں مختلف رنگ بھریں۔**

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ف | ع | م | غ | ر | ب |
| ظ | ش | ع | ف | ج | ر |
| ہ | ا | ص | ل | م | ک |
| ر | ء | ر | ج | د | ر |

**سوال نمبر۹:۔پانچ نمازوں کے نام لکھیں۔**

-----------------------

-----------------------

-----------------------

-----------------------

-----------------------

**نمبر۱۰:۔درج ذیل سوالات کے جواب دیں۔**

**۱۔اللہ تعالیٰ نے ہمیں کس لیے پیدا کیا؟**

---------------------------------------------

**۲۔نماز سے پہلے وضو کرنا کیوں ضروری ہے؟**

---------------------------------------------

# باب:سوم۔سیرتِ طیّبہ ﷺ

**ہدایات:**

- طلبہ اس باب میں حضرت محمد ﷺ کی ولادت اور گھرانے سے متعلق جانیں گے۔
- حضرت محمد ﷺ کے گھرانے سے متعلق آگاہ ہو سکیں۔

## ا۔ہمارے پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ ﷺ

**اسلامی معلومات:۔**

حضرت محمد ﷺ کا تعلق ہاشمی خاندان سے تھا۔

**اسلامی معلومات:۔**

حضرت حلیمہ سعدیہؓ نے آپ ﷺ کی بچپن میں پرورش کی۔

**سوال نمبرا:۔خالی جگہ پُر کریں۔**

چھے | حضرت آمنہ | حضرت عبداللہ | چالیس | پیار

ا۔آپ ﷺ کے والد کا نام۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ہے۔


۲۔آپ ﷺ کی والدہ کا نام۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ہے۔

۳۔جب آپ ﷺ کی عمر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔سال ہوئی تو والدہ محترمہ بھی وفات پا گئیں۔


۴۔حضرت ابو طالب آپ ﷺ سے بے حد۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کیا کرتے تھے۔

۵۔اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کو۔۔۔۔۔۔۔۔۔سال کی عمر میں نبوت اور رسالت عطا فرمائی۔

سوال نمبر۲:۔رنگ بھریں۔



سوال نمبر۳:۔حضرت محمد ﷺ کے خاندان کے افراد کے نام لکھیں۔



## ۲۔ حضرت محمد رسول اللہ ﷺ کے اخلاقِ حسنہ

- حضرت محمد ﷺ کے صادق اور امین ہونے کے بارے میں جان سکیں گے۔
- سیرتِ طیبہ کی روشنی میں اخلاقِ حسنہ کے پہلوؤں کو اپنا سکیں گے۔

یاد رکھیے:-

سچ بولنے والے کو اللہ تعالیٰ پسند کرتا ہے۔

**سوال نمبر ۴:۔ درج ذیل سوالات کے جواب دیں۔**

**(الف) صادق اور امین کا کیا مطلب ہے؟**

______________________________

**(ب) آپ ﷺ نے مکہ مکرمہ کے لوگوں سے کون سی پہاڑی پر خطاب فرمایا؟**

______________________________

**سوال نمبر ۵:۔ درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔**

| | | |
|---|---|---|
| کیا میں سچ بولتا ہوں؟ | ہاں | نہیں |
| کیا میں دوسروں کی چیزوں کا خیال رکھتا ہوں؟ | ہاں | نہیں |
| کیا مجھے سچ بولنے سے خوشی ہوتی ہے؟ | ہاں | نہیں |
| اگر کوئی بچہ مجھے کوئی چیز دے تو اسی طرح واپس کر دیتا ہوں؟ | ہاں | نہیں |
| کیا میں دوسروں کی چیزیں اجازت لے کر استعمال کرتا ہوں؟ | ہاں | نہیں |

# باب: چہارم۔ اَخلاق و آداب

ہدایات: طلبہ اس باب میں اخلاق و آداب کے متعلق جانیں گے اور ان پر عمل پیرا ہو کر اپنی زندگیاں اسلام کے اصولوں کے مطابق گزار سکیں گے۔

## (ا) اچھے اخلاق

- قرآن و سنت کی روشنی میں اچھے اخلاق کے متعلق جان سکیں گے۔
- اپنی عملی زندگی میں اچھے اخلاق کو اپنا سکیں گے۔

**سوال نمبرا:۔ آئیں بچو، اچھی اچھی باتیں سیکھیں۔**

اپنے امی، ابو کی بات مانیں۔

بہن بھائیوں اور دوستوں کے ساتھ مل جل کر رہیں۔

دوستوں کو اچھے نام سے پکاریں۔

وقت کی پابندی کریں۔

کسی کی چیز اجازت لے کر استعمال کریں۔

بڑوں کا ادب کریں۔

دن:____________ تاریخ:____________

**سوال نمبر ۲:۔ اپنے متعلق بتائیں۔**

**اگر درج ذیل کام کرتے ہیں تو الحمدللہ والے خانے میں درست کا نشان لگائیں۔ اگر کریں گے تو ان شاءاللہ والے خانے درست کا نشان میں لگائیں۔**

| کام | الحمدللہ | ان شاءاللہ |
|---|---|---|
| اپنے امی ابو کی بات مانتے ہیں/ مانیں گے۔ | | |
| اپنے دانتوں کی روزانہ صفائی کرتے ہیں/ کریں گے۔ | | |
| صبح جلدی اٹھتے ہیں/ اٹھیں گے۔ | | |
| صاف ستھرا رہتے ہیں/ رہیں گے۔ | | |
| دوسروں کو سلام کرنے میں پہل کرتے ہیں/ کریں گے۔ | | |

**فرمانِ الٰہی۔۔۔**

اور اخلاق تمھارے بہت (عالی) ہیں۔


(سورۃ القلم، آیت:۴)

**فرمانِ مصطفیٰ ﷺ**

تم میں سے اچھا وہ ہے جس کے اخلاق اچھے ہیں۔

(سنن ترمذی،)

**سوال نمبر ۳:۔ اپنی اچھی عادتوں کے نام لکھیں۔**



## (۲) سلام کرنا

- یہ جان سکیں کہ ایک دوسرے کو سلام کرنا سنتِ رسول ﷺ ہے۔
- سلام کرنے کی اہمیت سے آگاہ ہو سکیں گے اور سلام کرنے کا طریقہ اور آداب سیکھ سکیں گے۔
- روز مرّہ زندگی میں سلام کرنے کی عادت کو اپنا سکیں گے۔

### سوال نمبر ۴: رنگ بھریں۔




### سوال نمبر ۵: کالم ملائیں۔

| | |
|---|---|
| السّلامُ علیکم | 20 نیکیاں |
| السّلامُ علیکم ورحمۃ اللہ | 30 نیکیاں |
| السّلامُ علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ | 10 نیکیاں |

دن: ______________ تاریخ: ______________

پیارے بچو، کیا آپ جانتے ہیں:-

اللہ تعالیٰ کے پیارے ناموں میں سے ایک نام "السّلام" (سلامتی والا) بھی ہے۔

## سوال نمبر ٦:۔ اپنے بارے میں بتائیں۔

| | | |
|---|---|---|
| ♣ کیا میں دوسروں کو پہلے سلام کرتا ہوں؟ | ہاں | نہیں |
| ♣ کیا گھر سے نکلتے ہوئے گھر والوں کو سلام کرتا ہوں؟ | ہاں | نہیں |
| ♣ کیا میں راستے میں ملنے والے دوستوں کو سلام کرتا ہوں؟ | ہاں | نہیں |
| ♣ کیا کمرہ جماعت میں داخل ہوتے ہوئے سلام کرتا ہوں؟ | ہاں | نہیں |
| ♣ کیا میں اپنے اساتذہ کو سلام کرتا ہوں؟ | ہاں | نہیں |
| ♣ کیا گھر میں داخل ہوتے ہوئے سلام کرتا ہوں؟ | ہاں | نہیں |

دن:______________ تاریخ:______________

## اسلامی معلومات

ہمارے پیارے نبی حضرت محمد صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم بچوں کو بھی سلام کیا کرتے تھے۔

## آیئے بچو؛ سلام کرنے کے آداب سیکھیں

- ہمیشہ سلام کرنے میں پہل کریں۔
- چھوٹا بڑے کو پہلے سلام کرے۔
- سواری پر بیٹھا ہوا شخص پیدل چلنے والے شخص کو پہلے سلام کرے۔
- اگر کوئی سلام کرے تو اس کا مکمل جواب دیں۔
- گھر سے نکلتے ہوئے اور گھر میں داخل ہوتے ہوئے سلام کریں۔

# باب:پنجم۔ہدایات کے سرچشمے اور مشاہیر اسلام


ہدایات:طلبہ اس باب میں انبیائے کرامؑ کی تعداد،صفات اور مقام کے بارے میں جان سکیں گے۔

## انبیائے کرامؑ کا تعارف

⇐ اللہ تعالیٰ نے انبیائے کرامؑ کو انسانوں کے لیے مبعوث فرمایا۔

⇐ یہ جان لیں کہ پہلے نبی حضرت آدمؑ اور آخری نبی حضرت محمد ﷺ ہیں۔

**سوال نمبر۱:۔خالی جگہ پُر کریں۔**




ا۔انبیائے کرامؑ لوگوں کو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کے کام کرنے کا حکم دیتے۔

ب۔نیک کام کرنے والوں کو۔۔۔۔۔۔۔۔۔ملے گی۔

ج۔انبیائے کرامؑ لوگوں میں سب سے زیادہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔تھے۔

**سوال نمبر۲:۔درج ذیل سوالات کے جواب دیں۔**

(الف)اللہ تعالیٰ نے انبیائے کرامؑ کو کیوں بھیجا؟

______________________________________________

(ب)انبیائے کرامؑ کی تعداد کتنی ہے؟

______________________________________________

اسلامی معلومات:۔

اللہ تعالیٰ کے نبی حضرت سلیمانؑ پرندوں سے بات چیت کر لیا کرتے

**سوال نمبر ۳:۔ انبیائے کرامؑ کی خوبیاں تحریر کریں**

